اے اللہ صلوٰۃ و سلام ہو سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ

تُسَلِّمُ بِهَا اِيْمَانَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
کے طفیل تو سلامت رکھے ہمارے ایمانوں کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام ہو سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُقَوِّيْ بِهَا اِيْقَانَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل تو قوی فرمائے ہمارے یقینوں کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَغْفِرُ بِهَا ذُنُوْبَنَا اَللّٰهُمَّ
سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل تو بخش دے ہمارے ذنوب کو ۔ اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْتُرُ
اللہ صلوٰۃ و سلام ہو سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل تو پردہ ڈالے

بِهَا عُيُوْبَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
ہمارے عیوب پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام ہو سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَحْفَظُنَا بِهَا مِنْ اِكْتِسَابِ السَّيِّئَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
جس صلواۃ کے طفیل تو ہمیں محفوظ رکھے برائیوں کے ارتکاب سے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام ہو

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُوَفِّقُنَا بِهَا لِلْاَعْمَالِ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں توفیق دے اعمال

الصَّالِحَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
صالحہ کی ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُفْلِحُ بِهَا عَمَّا يُرْدِيْنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
پر جس صلواۃ کے طفیل تو ہمیں کامیابی عطا کرے مہلکات سے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً نَكْسِبُ بِهَا مَا يُنْجِيْنَا
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل ہم اپنا ئیں اسباب نجات کو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلواۃ و سلام ہو سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

صَلٰوۃً تَمْنَحُنَا بِهَا الْخَيْرَ كُلَّهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
جس صلواۃ کے طفیل تو ہمیں عطا فرمائے ہر خیر اور بھلائی ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُجَنِّبُ بِهَا عَنَّا الشَّرَّ كُلَّهٗ
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل اطہار پر جس کے طفیل تو ہم سے دور کر دے ہر قسم کے شر کو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

صَلٰوۃً تُحَسِّنُ بِهَا اَخْلَاقَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جس صلواۃ کے طفیل تو ہمارے اخلاق کو حسین بنا دے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُصْلِحُ بِهَا اَحْوَالَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ
اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل تو ہمارے احوال کی اصلاح فرمائے ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَعْصِمُنَا
و سلام ہو سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل تو ہمیں بچائے

بِهَا عَنِ الْمَعْصِيَةِ وَالْغَوَايَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
معصیت اور گمراہی سے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَرْزُقُنَا بِهَا اِتِّبَاعَ السُّنَّةِ
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں نصیب فرمائے سنت و

وَالْجَمَاعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
جماعت کی اتباع ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُبَعِّدُنَا بِهَا عَنْ اِقْتِرَانِ الْاٰفَاتِ اَللّٰهُمَّ
آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں دور رکھے آفات کے قرب ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَكْلَؤُنَا
صلواۃ و سلام ہو سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل ہماری

بِهَا عَنِ الزَّلَّاتِ وَالْهَفَوَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
حفاظت فرمائے لغزشات اور لغویات سے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُحَصِّلُ بِهَا اٰمَالَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل پورا فرمائے ہماری امیدوں کو ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام ہو

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُخَلِّصُ بِهَا لَكَ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل خالص کرے ہمارے اعمال کو

اَعْمَالَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اپنی ذات کے لیے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

صَلٰوۃً تَجْعَلُ بِهَا التَّقْوٰى زَادَنَا بِشَفَاعَتِهِ الْعُظْمٰى وَوَسِيْلَتِهِ الْكُبْرٰى
جس صلواۃ کے طفیل تو تقویٰ کو ہمارا زاد راہ بنائے بسبب آپ کی شفاعت عظمیٰ اور وسیلہ کبریٰ کے

وَاجْعَلْ شَفَاعَتِیْ لِوَجْهِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَوَسِیْلَتِیْ یَا صَاحِبَ الشَّفَاعَةِ
اور کیجیے میری شفاعت محض رضائے الٰہی کے لیے اور بنئے میرا وسیلہ اے صاحب شفاعت اور
وَالْوَسِیْلَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صاحب وسیلہ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر
صَلٰوةً تَزِیْدُ بِهَا فِیْ دِیْنِكَ اِجْتِهَادَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
جس صلوٰۃ کے طفیل تو بڑھائے ہماری جدوجہد کو اپنے دین میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْزُقُنَا بِهَا الْاِسْتِقَامَةَ فِیْ
محمدؐ پر اور سیّدنا محمدؐ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل تو ہمیں اپنی اطاعت پر استقامت
طَاعَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
عطا فرمائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْنَحُنَا بِهَا الْاُنْسَ بِعِبَادَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
پر جس صلوٰۃ کے طفیل تو ہمیں عطا کرے اپنی عبادت میں انس۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل پر
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُسَهِّلُ بِهَا عَلَیْنَا جَمِیْعَ
سیّدنا محمدؐ پر اور سیّدنا محمدؐ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہم پر آسان فرمائے
الْاُمُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
تمامی امور کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُدِیْمُ بِهَا عَلَیْنَا بَرْدَ الْعَیْشِ وَالسُّرُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
پر جس صلوٰۃ کے طفیل تو ہم پر برقرار رکھے خوشی اور مسرت کو۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُبَارِكُ بِهَا
و سلام ہو سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل برکت عطا کرے ہمیں
فِیْمَآ اَعْطَیْتَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
عطا فرمودہ اشیاء میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْنَحُنَا بِهَا الرِّضَآءَ بِمَآ اٰتَیْتَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ
آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل عطا فرمائے عطا کردہ اشیاء پر رضامندی۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُزَکِّیْ بِهَا
و سلام ہو سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل پاک کرے
عَنِ الْهَوٰی نُفُوْسَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
خواہشات نفسانیہ سے ہمارے نفوس کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُطَهِّرُ بِهَا عَمَّا سِوَاكَ قُلُوْبَنَا اَللّٰهُمَّ
کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل تو پاک فرما دے ہمارے قلوب کو اپنے ماسوا سے۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُصَغِّرُ
صلوٰۃ و سلام ہو سیّدنا محمدؐ پر اور سیّدنا محمدؐ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل حقیر بنائے تو
بِهَا الدُّنْیَا فِیْ عُیُوْنِنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
دنیا کو ہماری نظروں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور
عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعَظِّمُ بِهَا جَلَالَكَ فِیْ قُلُوْبِنَا اَللّٰهُمَّ
آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل عظیم بنا دے اپنے جلال کو ہمارے قلوب میں۔ اے
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل
تُرْضِیْنَا بِهَا بِقَضَآئِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی
تو راضی کر دے ہمیں اپنی قضاء پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُوْزِعُنَا بِهَا عَنَّا شُکْرَ نَعْمَآئِكَ اَللّٰهُمَّ
سیّدنا محمدؐ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل توفیق دے ہمیں اپنی نعمتوں کے شکر کی۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
صلوٰۃ و سلام ہو سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل

تُصَحِّحُ بِهَا تَوَكُّلَنَا وَاعْتِمَادَنَا عَلَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
درست فرمائے ہمارے توکل اور اعتماد کو اپنی ذات پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحَقِّقُ بِهَا وُثُوْقَنَا وَالْتِجَآئَنَا
محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل پائیدار فرمائے ہمارے وثوق و التجاء کو
اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
طرف اپنے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل اطہار پر
صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
جو صلواۃ تجھے راضی کرے اور انہیں راضی کرے اور تو راضی ہو اس کے طفیل ہم سے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَجْبُرُ بِهَا مَا فَاتَ مِنَّا
سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جس صلواۃ کے طفیل پورا فرمائے ہماری کوتاہی کو۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر
صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنَ الْعُجْبِ وَالرِّيَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
جس کے طفیل ہمیں پناہ دے تکبر اور ریاکاری سے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَحْفَظُنَا بِهَا مِنَ الْحَسَدِ
سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل محفوظ فرمائے ہمیں حسد
وَالْكِبْرِيَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
اور تکبّر سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُكَسِّرُ بِهَا شَهَوَاتِنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
پر جس صلواۃ کے طفیل ہماری خواہشات نفس کو ختم فرمادے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُخْزِءُ بِهَا اَعْدَآئَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ
محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل رسوا کرے ہمارے اعداد کو۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحَسِّنُ بِهَا
و سلام ہو سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل حسین بنا دے
اُمْنِيَّتَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ہماری آرزوؤں کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام ہو سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر
صَلٰوةً تَمْنَحُنَا بِهَآ اُمْنِيَاتِنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جس کے طفیل عطا کرے ہمیں ہماری آرزوئیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر
وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُجِيْرُنَا بِهَا مِنْ شَرِّ النَّفْسِ وَالْجَآنِّ
اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں بنا دے نفس اور جنوں کے شر سے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
اے اللہ صلواۃ و سلام ہو سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے
تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ شَرِّ النَّفْسِ وَالْجَآنِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
طفیل بچائے ہمیں نفس اور جنوں کے شر سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنْ شَرِّ النَّفْسِ
محمّد پر اور آپ کی آل پر جس کے طفیل پناہ دے ہمیں نفس اور شیطان
وَالشَّيْطَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
کے شر سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَحْفَظُنَا بِهَا مِنَ الذِّلَّةِ وَالْقِلَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
پر جس کے طفیل ہمیں محفوظ رکھے قلت اور ذلت سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعِيْذُنَا بِهَا مِنَ
نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس کے طفیل ہمیں پناہ دے دل
الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
کی سنگینی اور غفلت سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَحْفَظُنَا بِهَا عَمَّا یُشْغِلُنَا عَنْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آل پر جس کے طفیل ہمیں محفوظ فرمائے اپنی ذات سے مشغول رکھنے والی اشیاء سے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُوَفِّقُنَا بِهَا

و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل توفیق دے ہمیں

لِمَا تُقَرِّبُنَا مِنْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اپنے قریب کرنے والے اعمال کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَجْعَلُ بِهَا سَعْیَنَا مَشْكُوْرًا وَّعَمَلًا مَّقْبُوْلًا اَللّٰهُمَّ

آل پر جس کے طفیل بنائے ہماری سعی کو مشکور اور ہمارے عمل کو مقبول۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْنَحُنَا

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل ہمیں

بِهَا عِزًّا وَّقَبُوْلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

عزت و قبولیت عطا کرے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَقْطَعُ بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ اِحْتِیَاجَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

پر جس صلوٰۃ کے طفیل ختم فرما دے اپنے ماسوا سے ہماری محتاجی کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُدِیْمُ بِهَا بِنَعْمَآئِكَ

نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل دائمی بنا دے اپنی نعمتوں کے ساتھ

اِبْتِهَاجَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

ہماری خوشی کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَكُوْنُ بِهَا فِیْ جَمِیْعِ الْاُمُوْرِ وَكِیْلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

پر جس کے طفیل تو تمام امور میں ہمارا کار ساز ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَكُوْنُ بِهَا لِقَضَآءِ

نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس کے طفیل تو ہماری حاجات پوری

حَوَآئِجِنَا كَفِیْلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

فرمانے کا ضامن ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُعِیْذُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْبَلِیَّاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں بچائے تمام تر بلیات سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْنَحُنَا بِهَا جَزِیْلَ الْعَطَایَا

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس کے طفیل ہمیں عطا فرمائے عظیم ترین عطیات۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس کے طفیل

تَرْزُقُنَا بِهَا عَیْشَ الرَّغَدَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ہمیں نصیب فرمائے خوشگوار گزران۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْنَحُنَا بِهَا عَیْشَ السُّعَدَآءِ اَللّٰهُمَّ

اور آپ کی آل پر جس کے طفیل ہمیں عطا فرمائے سعادتمندوں والی گزران۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُفْنِیْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس کے طفیل فنا کر دے

بِهَا فِیْ صِفَاتِكَ صِفَاتِنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ہماری صفات کو اپنی صفات میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْحُوْ بِهَا فِیْ ذَاتِكَ ذَوَاتِنَا اَللّٰهُمَّ

آپ کی آل پر جس کے طفیل محو فرمائے ہماری ذاتوں کو اپنی ذات میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُحَقِّقُ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل پائیدار

بِهَا اِلَیْكَ لِقَآئَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

بنا دے ہمارے لیے اپنی لقاء کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُدِيمُ بِهَا بِتَوَاتُرِ اَنْوَارِكَ صَفَآئَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آل پر جس صلواۃ کے طفیل دائمی بنادے اپنے لگاتار انوار کے ذریعے ہماری صفائی کو۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُسْلِكُنَا بِهَا

وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس کے طفیل ہمیں چلاتے

مَسْلَكَ اَوْلِيَآئِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

اپنے اولیاء کی راہِ سلوک پر۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُرْوِيْنَا بِهَا مِنْ شَرَابِ اَصْفِيَآئِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آل اطہار پر جس سے سیراب فرمائے ہمیں اپنے خواص کے شراب (محبت) کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُوْصِلُنَا

وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل ہمیں واصل فرمائے

بِهَآ اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اپنی ذات تک۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُدِيْمُ بِهَا حُضُوْرَنَا لَدَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

پر جس کے طفیل ہمیں دائم الحضور بنا دے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُهَوِّنُ بِهَا عَلَيْنَا سَكَرَاتِ

سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس کے طفیل سہل فرمائے ہم پر وقت موت کی

الْمَوْتِ وَغَمَرَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

مدہوشیاں اور سختیاں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُجِيْرُنَا بِهَا مِنْ وَّحْشَةِ الْقَبْرِ وَكُرْبَتِهٖ اَللّٰهُمَّ

کی آل پر جس کے طفیل بچائے ہمیں قبر کی وحشت اور کربت سے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ بِهَا

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی پر جس کے طفیل بھر دے

قُبُوْرَنَا بِاَنْوَارِ الرَّحْمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

ہماری قبور کو انوار رحمت کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَجْعَلُ بِهَا قَبْرَنَا رَوْضَةً مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ

سیدنا محمدؐ کی آل پر جس کے طفیل ہماری قبور کو جنتی باغات میں سے باغیچہ بنا دے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس کے طفیل

تَحْشُرُنَا بِهَا مَعَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ہمارا حشر فرمائے انبیاء و صدیقین کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَبْعَثُنَا بِهَا مَعَ الشُّهَدَآءِ وَ

سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل ہمارا حشر فرمائے شہداء اور

الصّٰلِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

صالحین کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْنَحُنَا بِهَا قُرْبَتَهٗ وَشَفَاعَتَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

جس صلواۃ کے طفیل ہمیں عطا فرمائے محبوب کریم کی قربت اور شفاعت۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُفِيْضُ بِهَا عَلَيْنَا بَرَكَتَهٗ

سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل جاری فرمائے ہم پر آپ کی برکات

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ

تَحْفَظُنَا بِهَا مِنْ كُلِّ سُوْٓءٍ يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کے طفیل ہمیں محفوظ رکھے روز قیامت کی ہر شدت سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَشْمَلُنَا بِهَا يَوْمَ الْجَزَآءِ بِالرَّحْمَةِ وَ

محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل ہمارا احاطہ فرمائے روز قیامت میں رحمت و کرم نوازی

الْكَرَامَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر

صَلٰوةً تَصْرِفُ بِهَا عَنِ الدُّنْيَا وَلَذَّاتِهَا قُلُوْبَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جس صلوٰۃ کے طفیل پھیر دے ہمارے قلوب کو دنیا اور اس کی لذات سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَجْمَعُ بِهَا فِى الْاِشْتِيَاقِ

سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل مجتمع فرما دے اپنے شوق ذات

عَلَيْكَ هُمُوْمَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

میں ہمارے تمام عزائم۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُوْحِشُنَا بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جس صلوٰۃ کے طفیل متنفر کر دے اپنے ماسوا سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُوْنِسُنَا بِهَا بِقُرْبِكَ وَوِلَائِكَ

محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں مانوس فرمائے اپنے قرب اور دوستی کے ساتھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل

تُقِرُّ بِهَا فِى مُنَاجَاتِكَ عُيُوْنَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ٹھنڈا فرمائے اپنی مناجات میں ہماری آنکھوں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحَسِّنُ بِهَا بِكَ ظُنُوْنَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل حسین بنا دے اپنے ساتھ ہمارے ظنون کو۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَشْرَحُ بِهَا

و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمارے سینے

بِمَعْرِفَتِكَ صُدُوْرَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اپنی معرفت کے ساتھ کشادہ فرمائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُدِيْمُ بِهَا فِىْ ذِكْرِكَ وَفِكْرِكَ سُرُوْرَنَا

کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیشہ رکھے اپنے ذکر اور فکر میں ہمارے بواطن کو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ

تَرْفَعُ بِهَا عَنْ قُلُوْبِنَا الْحُجُبَ وَالْاَسْتَارَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

کے طفیل اٹھا دے ہمارے دلوں پر سے حجابات اور پردوں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْنَحُنَا بِهَا شُهُوْدَكَ

سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل ہمیں عطا فرمائے اپنا شہود

فِىْ جَمِيْعِ الْاٰثَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

تمام آثار میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَقْطَعُ بِهَا حَدِيْثَ نُفُوْسِنَا بِاِعْلَامِكَ اَللّٰهُمَّ

آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل قطع فرما دے ہمارے وساوس کو عطاءِ علم کے ذریعے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُبَدِّلُ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمارے

بِهَا هَوَاجِسَ قُلُوْبِنَا بِاِلْهَامِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

قلوب کے وساوس کو بدل دے اپنے الہام کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُفِيْضُ بِهَا عَلَيْنَا جَذَبَاتِكَ

محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہم پر فیضان فرما دے اپنے جذب ذات کا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل

تَشْمَلُنَا بِهَا بِنَفَحَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

ہمارا احاطہ فرما دے اپنے عطیات کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحِلُّنَا بِهَا مَنَازِلَ السَّآئِرِيْنَ اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ

کی آل پر جس کے طفیل ہمیں نازل فرماوے اپنی طرف چلنے والوں کی منازل ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْفَعُ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل تو

بِهَا مَنْزِلَتَنَا وَمَكَانَتَنَا لَدَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بلند فرمائے ہمارے مرتبہ و مقام کو اپنے ہاں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْتَحِقُّ بِهَا فِيْٓ اِرَادَتِكَ اٰمَالَنَا اَللّٰهُمَّ

اور آپ کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل پائیدار فرمائے اپنے ارادہ میں ہماری آرزوں کو۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْحَقُ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل فنا کردے

بِهَا فِيْٓ اَفْعَالِكَ اَفْعَالَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اپنے افعال میں ہمارے افعال کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُثَقِّلُ بِهَا مِيْزَانَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آپ کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل ہمارے میزان حسنات کو بھاری فرماوے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُثَبِّتُ بِهَا عَلَى

فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل ثابت رکھے

الصِّرَاطِ اَقْدَامَنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

پل صراط پر ہمارے قدموں کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُدْخِلُنَا بِهَا جَنّٰتِ النَّعِيْمِ بِلَا حِسَابٍ اَللّٰهُمَّ

کی آل پر جس کے طفیل داخل فرمائے ہیں جنات نعیم میں بغیر حساب کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُبِيْحُ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل ہم پر مباح فرمائے

لَنَا بِهَا النَّظَرَ اِلٰى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ مَعَ الْاَحْبَابِ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اپنے دیدار ذات کو بمع ہمارے احباب کے آمین۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَنْحَلُنَا بِهَا

و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ جس کے طفیل ہمیں عطا فرمائے

حُبَّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖٓ اَجْمَعِيْنَ ط اِلٰهَنَا فَاَعْطِنَا فَوْقَ مَا نُؤَمِّلُ

محبت آل رسول کی اور تمام اصحاب رسول کی۔ اے ہمارے الٰہ ہمیں عطا فرما زائد اس سے جس کی امید رکھتے

وَمَا لَا يَخْطُرُ بِبَالٍ يَّا مَنْ هُوَ وَاهِبٌ كَرِيْمٌ مُّجِيْبُ السُّؤَالِ فَاِنَّهٗ

اور جو نہیں کھٹکتا کسی کے دل میں اے کہ واہب و کریم ہے سوال پورا کرنے والا ہے تحقیق

لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَآدَّ لِمَا قَضَيْتَ

نہیں روکنے والا تیری عطا کو اور نہیں کوئی عطا کرنیوالا تیرے روکے ہوئے کو اور نہیں کوئی ٹالنے والا تیری قضاء کو

وَلَا مُبَدِّلَ لِمَا حَكَمْتَ وَلَا هَادِيَ لِمَآ اَضْلَلْتَ وَلَا مُضِلَّ لِمَنْ

اور نہ تبدیل کرنے والا تیرے حکم کو۔ اور نہ ہدایت دینے والا تیرے گمراہ کردہ کو اور نہیں گمراہ کرنے والا تیرے

هَدَيْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ

ہدایت یافتہ کو۔ تو حکم نافذ کرتا ہے تجھ پر حکم نافذ نہیں کیا جا سکتا اور نہیں نفع دیتا کسی صاحب بخت و اقبال کو

مِنْكَ الْجَدُّ وَلَا مُقْعِدَ لِمَنْ اَقَمْتَ وَلَا مُعَذِّبَ لِمَنْ رَّحِمْتَ وَلَا

تجھ سے اس کا بخت و اقبال۔ نہیں بٹھانے والا تیرے قائم کئے ہوئے کو اور نہیں کوئی عذاب دینے والا تیرے مرحوم کو اور نہیں

حِجَابَ لِمَنْ كَشَفْتَ لَهٗ وَلَا كُرُوْبَ ذَنْبٍ لِّمَنْ عَفَوْتَ وَعَصَمْتَ

کوئی محجوب رکھ سکتا تیرے بے پردہ کئے ہوئے کو۔ اور نہیں اندوہ گناہوں کے اس کے لیے جسے عفو فرمائے اور بچائے تو نے

وَقَدْ اَمَرْتَ وَنَهَيْتَ وَلَا قُوَّةَ لَنَا عَلَى الطَّاعَةِ فَقَوِّنَا وَبِحَوْلِكَ وَ

امر فرمایا اور نہی فرمائی اور قوت نہیں ہم میں اطاعت کی لہٰذا قوت بخش اور اپنی قدرت و طاقت

قُدْرَتِكَ عَنِ الْمَعْصِيَةِ جَنِّبْنَا نَتَقَرَّبُ اِلَيْكَ بِطَاعَتِكَ وَنَبْعُدُ

گناہوں سے دور رکھ تا کہ ہم قریب ہو سکیں تیرے بذریعہ اطاعت کے اور تیری

عَنْ مَعْصِيَتِكَ وَنَدْخُلُ فِي وَصْفِ هِدَايَةِ مُحَبَّتِكَ وَتَكُونُ

معصیت سے دور رہ سکیں اور داخل ہو جائیں تیری محبت میں تیری بیان کردہ راہ کے مطابق اور تیرے

بِآدَابِ عُبُودِيَّتِكَ قَائِمِينَ وَبِجَلَالِ رُبُوبِيَّتِكَ طَائِعِينَ وَاجْعَلْ

آداب عبودیت پر قائم ہوں اور تیرے جلال ربوبیت کے لیے سرخم ہوں۔ ہماری زبانوں کو

أَلْسِنَتَنَا نَاطِقَةً بِذِكْرِكَ وَجَوَارِحَنَا قَائِمَةً بِشُكْرِكَ وَنُفُوسَنَا

اپنے ذکر کے ساتھ گویا کر اور ہمارے اعضاء کو اپنا شکر گزار۔ ہمارے نفوس کو

سَامِعَةً مُطِيعَةً لِأَمْرِكَ وَأَجِرْنَا مِنْ مَكْرِكَ وَلَا تُؤْمِنَّا مِنْهُ حَتَّى

اپنے امر کا سننے اور ماننے والا بنا۔ اور ہمیں محفوظ رکھنا اپنی خفیہ تدبیر سے اور نہ ہمیں اس سے بے خوف کر دینا حتی کہ

لَا نَبْرَحَ لِعَظِيمِ عِزَّتِكَ مُذْعِنِينَ وَمِنْ سَطْوَةِ هَيْبَتِكَ خَائِفِينَ

ہم ہمیشہ تیرے عظیم غلبہ کا یقین رکھیں اور تیری عظیم سطوت سے خوفزدہ رہیں

فَإِنَّهُ لَا يَأْمَنُ مِنْ مَكْرِ اللهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُونَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کیونکہ اللہ کی خفیہ تدبیر سے بے خوف نہیں ہوتی مگر اہل خسران قوم۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً أَنَالُ

وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کی برکت کے بطفیل پالوں

بِبَرَكَتِهَا التَّسْلِيمَ فِي جَمِيعِ الْأَحْوَالِ وَأُدْرِكُ بِعَظَمَتِهَا الْإِخْلَاصَ فِي سَائِرِ

سلامتی تمام احوال میں اور پالوں اس کی عظمت کے طفیل اخلاص تمام

الْأَعْمَالِ وَتُصْلِحُ لِي بِحُرْمَتِهَا الْأَقْوَالَ وَالْأَفْعَالَ وَاحْفَظْنَا بِهَا مِنْ جَمِيعِ

اعمال میں اور درست فرمائے تو اس کے طفیل میرے تمام اقوال و افعال اور محفوظ رکھے تمام

السَّيِّئَاتِ وَاعْصِمْنَا بِهَا مِنْ جَمِيعِ الشَّهَوَاتِ وَأَعِذْنَا بِهَا مِنْ كُلِّ الْغَفَلَاتِ

برائیوں سے اور عصمت عطا کرے تمام خواہشات نفس سے اور پناہ دے تمام غفلتوں سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً كَامِلَةً وَسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا عَلَى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

اے اللہ صلوٰۃ کاملہ اور سلام تام نازل فرما سیدنا و مولانا محمد پر

وَهَادِينَا وَمَهْدِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِهِ صَلٰوةً تُنَجِّينَا بِهَا مِنْ جَمِيعِ

جو ہمارے ہادی اور تیرے ہدایت یافتہ ہیں اور آپ کی آل پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں نجات دے تمام

الْأَهْوَالِ وَالْآفَاتِ وَتَشْفِينَا بِهَا مِنْ جَمِيعِ الْأَسْقَامِ وَالْبَلِيَّاتِ وَ

ہولناکیوں اور آفتوں سے۔ اور شفا بخشے ہمیں تمام بیماریوں اور بلیات اور

تُبَاعِدُنَا بِهَا مِنْ اقْتِرَانِ الْآفَاتِ وَتُبَارِكُ لَنَا فِي الرِّزْقِ وَالْحَسَنَاتِ

دور فرمائے بطفیل اس کے آفات کے قرب سے اور برکت دے رزق اور حسنات میں

وَتَقْضِي لَنَا بِهَا جَمِيعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيعِ السَّيِّئَاتِ وَتَكْسِرُ

اور پورا فرمائے ہمارے تمام حاجات کو اور پاک کرے ہمیں تمام سیئات سے اور قطع فرمائے

لَنَا بِهَا مِنْ شُرُورِ الشَّهَوَاتِ وَتُعِيذُنَا بِهَا مِنْ نَّفْسِ الْأَمَّارَةِ وَ

بطفیل اس کے ہماری بری خواہشات اور پناہ دے ہمیں بطفیل اس کے نفس امارہ اور

الشَّيَاطِينِ فِي كُلِّ سَاعَةٍ وَتُهَوِّنُ بِهَا عَلَيْنَا سَكَرَاتِ الْمَوْتِ وَ

شیاطین سے ہر ساعت میں اور سہل فرمائے ہم پر اس کے طفیل موت کی مدہوشیاں اور

الْغَمَرَاتِ وَتُنَوِّرُ لَنَا بِهَا أَنْوَارَ الْبَرَكَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ أَعْلَى

سختیاں۔ اور منور فرمائے ہمارے لیے برکات کے انوار اور بلند فرمائے اپنے ہاں اعلیٰ

الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا أَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيعِ الْخَيْرَاتِ فِي

درجات پر اور پہنچائے آخری حدود تک تمام تر خیرات میں

الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ فِي كُلِّ لَمْحَةٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُومٍ لَّكَ يَارَبِّ

دنیوی زندگی میں اور موت کے بعد ہر لمحہ مطابق تعداد اپنے جملہ معلومات کے یارب

يَا مُجِيبُ أَجِبْنِي اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَى مَنْ قَالَ فِي

یا مجیب قبول فرما مجھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرما اس ذات اقدس پر

حُضُورِهِ تَعَالَى لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ

جس نے کہا تیرے حضور میں۔ میں حاضر بارگاہ ہوں اور کمر بستہ خدمت ہوں اور خیر تمام تر تیرے دست قدرت میں ہے اور

اِلَيْكَ وَالْمَهْدِىُّ مَنْ هَدَيْتَ وَعَبْدُكَ بَيْنَ يَدَيْكَ وَمِنْكَ وَاِلَيْكَ

شر تیری طرف منسوب نہیں ہے اور ہدایت یافتہ وہی جسے تو ہدایت دے اور تیرا عبد حاضر خدمت ہے اور تجھی سے ہے

لَا مَنْجَا وَلَا مَلْجَا اِلَّآ اِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ سُبْحَانَكَ رَبَّ

تیری ہی طرف ۔ نہ جائے نجات ہے اور نہ جائے پناہ مگر طرف تیرے ۔ تو بابرکت ہے بلند شان والا ہے ۔ پاک ہے ۔ اے مالک

الْبَيْتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةَ الرِّضٰى وَ

کعبہ کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر صلواۃ رضا اور

اَرْضَ عَنْ اَصْحَابِهٖ رِضَآءَ الرِّضٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

راضی ہو ان کے اصحاب سے جیسے کہ حق ہے رضا کا ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ الشَّمْسِ اِذَآ اَصْبَحَتْ وَاِذَا طَلَعَتْ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر ہر وقت میں کہ جب صبح ہو اور جب سورج طلوع ہو

وَاِذَا زَالَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور جب ڈھلے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ مَعَ الْاَرْضِ اِذَا زُلْزِلَتْ وَمَعَ السَّمَآءِ اِذَا انْفَطَرَتْ وَاِذَا كُشِطَتْ

پر اس وقت میں کہ زمین لرزے اور آسمان پھٹ جائے اور اس کی چھت زمین سے اٹھالی جائے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر ساتھ

الصُّوْرِ اِذَا نُفِخَتْ وَمَعَ الْجِبَالِ اِذَا سُيِّرَتْ وَمَعَ الْوُحُوْشِ اِذَا

صور اسرائیل کے جبکہ پھونکا جائے اور ساتھ پہاڑوں کے جب چلائے جائیں اور ساتھ جنگلی جانوروں

حُشِرَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کے جب جمع کردئے جائیں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

مَعَ الشَّمْسِ اِذَا كُوِّرَتْ وَمَعَ الْقَمَرِ اِذَآ اَدْبَرَتْ وَمَعَ الْبِحَارِ اِذَا فُجِّرَتْ

ساتھ سورج کے جبکہ بے نور کردیا جائے اور ساتھ چاند کے جب اٹھا پھرے ۔ اور ساتھ سمندروں کے جب باہم ملا دیے جائیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ السَّمَآءِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر ساتھ آسمان کے

اِذَا انْشَقَّتْ وَمَعَ الْقُبُوْرِ اِذَا بُعْثِرَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جبکہ پھٹ جائے اور ساتھ قبور کے جب کھولی جائیں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ الْاَرْضِ اِذَا دُكَّتْ وَمَعَ الصُّدُوْرِ اِذَا

محمد پر اور آپ کی آل پر ساتھ زمین کے جبکہ ریزہ ریزہ ہوجائے اور ساتھ سینوں کے جبکہ

حُصِّلَتْ وَمَعَ الدَّرَجَاتِ اِذَا رُفِعَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

ان کے الذ آشکارا کئے جائیں اور ساتھ درجات کے جب بلند کئے جائیں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ الْكُتُبِ اِذَا قُرِءَتْ وَمَعَ الْحَسَنَاتِ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر ساتھ نامہائے اعمال کے جب پڑھے جائیں اور حسنات کے

اِذَا ظُهِرَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جب ظاہر کی جائیں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مَعَ السَّيِّئَاتِ اِذَآ اُبْدِلَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

ساتھ سیئات کے جبکہ نیکیوں سے بدلیں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ النَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى وَمَعَ الَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى اَللّٰهُمَّ

آپ کی آل پر ساتھ دن کے جبکہ روشن ہو اور رات کے جبکہ چھا جائے ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ مَنْ اٰمَنَ وَ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر ساتھ ہر ایمان والے اور

اتَّقٰى وَمَعَ كُلِّ مَنْ سَبَّحَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

متقی کے اور ہر تسبیح کہنے والے کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعَ كُلِّ مَنْ صَدَّقَ وَاهْتَدٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور آپ کی آل پر ساتھ ہر تصدیق کرنے والے اور ہدایت پانے کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد مع النجوم وکواکبھا
سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر ساتھ تمام نجوم و کواکب کے۔
اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد مع
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر ساتھ
الکواکب اذا انتثرت اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال
ستاروں کے جبکہ جھڑ پڑیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ
سیدنا محمد مع الحاجات اذا قضیت ومع الجنۃ اذا
کی آل اطہار پر ساتھ حاجات کے جبکہ پوری کی جائیں اور ساتھ جنت کے جب کہ
ازلفت اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد
قریب لائی جائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر
اذا الشمس طلعت وغربت واضاءت اللھم صل وسلم علی
جب سورج طلوع ہو اور غروب ہو اور روشن ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد اذا الواقعۃ وقعت واذا
فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جبکہ قیامت قائم ہو اور جب
الارض زلزلت اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا
زمین متزلزل ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل
محمد اذا السماء انفطرت وانشقت اللھم صل وسلم علی
پر جبکہ آسمان پھٹے اور ٹکڑے ہو جائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد اذا النجوم انکدرت واذا
سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جب سارے بے نور ہو جائیں اور جب
الجبال سیرت اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال
پہاڑ (روئی کے گالوں کی مانند چلائے جائیں)۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی

سیدنا محمد اذا البحار سجرت وفجرت اللھم صل وسلم علی
آل پر جب کہ سمندر ابالے جائیں اور شیریں و کھاری باہم ملائے جائیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد اذا العشار عطلت واذا
سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب کہ حمل تام والی اونٹنیاں آوارہ کر دی جائیں
الصحف نشرت اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال
اور صحف اعمال پھیلائے جائیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی
سیدنا محمد اذا الوحوش حشرت واذا الرسل اقتت اللھم
آل اطہار پر جبکہ جنگلی جانور جمع کر دئے جائیں اور رسولوں کیلئے جوابدہی کیلئے وقت معین کیا جائے۔ اے
صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد اذا الجنۃ
اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جبکہ جنت اہل ایمان
ازلفت والجحیم سعرت اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد و
کے قریب لائی جائے اور جہنم بھڑکائی جائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
علی ال سیدنا محمد اذا القبور بعثرت اللھم صل وسلم علی سیدنا
آپ کی آل پر جب قبریں الٹائی جائیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا
محمد وعلی ال سیدنا محمد اذا النھار تجلی واذا اللیل یغشی اللھم
محمّد پر اور آپ کی آل پر جبکہ دن روشن ہو اور رات گھری ہو۔ اے اللہ
صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد ما جن الظلام
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جبکہ تاریکی چھائے
وکف صوب الغمام اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال
اور رک جائے بادل کا برسنا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی
سیدنا محمد ما ناحت مطوقۃ وسارت الوفود مغربۃ ومشرقۃ
آل پر جب تک محو ترنم ہو جنگلی کبوتری اور چلیں وفود مشرق و مغرب میں

اللّٰهم صلّ وسلّم على سيّدنا محمّدٍ وّعلٰى اٰل سيّدنا محمّدٍ ما

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جب تک

زفّت العروس وجرى المداد فی الطّروس اللّٰهم صلّ وسلّم

دلہنوں کا زفاف ہو اور جاری ہو سیاہی (سے تحریر) صحائف میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

على سيّدنا محمّدٍ وّعلٰى اٰل سيّدنا محمّدٍ ما حادث الرّفاق و

فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جب تک رفقاء باہم گفتگو کریں اور

حنّ مشتاقٌ الى التّلاقی اللّٰهم صلّ وسلّم على سيّدنا محمّدٍ وّعلٰى

راغب ہوں ارباب شوق ملاقاتِ احباء کی طرف ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰل سيّدنا محمّدٍ ما حنّت اليه الرّكآئب وساقت اليه النّجآئب

آپ کی آل پر جب تک شوق رکھیں ان کی طرف سواریاں اور چلیں طرف ان کی عمدہ اونٹنیاں ۔

اللّٰهم صلّ وسلّم على سيّدنا محمّدٍ وّعلٰى اٰل سيّدنا محمّدٍ مآ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک

اضآءت الشّمس وما صلّيت الصّلوات الخمس اللّٰهم صلّ و

سورج روشن ہو اور پانچوں نمازیں ادا کی جاتی ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سلّم على سيّدنا محمّدٍ وّعلٰى اٰل سيّدنا محمّدٍ ما ذرّ شارقٌ ووقب

سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جب تک نکلے افق شرق سے نکلنے والا اور غروب

غاسقٌ وانهمر وادقٌ اللّٰهم صلّ وسلّم على سيّدنا محمّدٍ وّعلٰى

ہو تاریکی پھیلانے والا اور برسے برسنے والا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰل سيّدنا محمّدٍ ما سجعت الحمآئم وحمت الحوآئم وسرحت

آپ کی آل پر جب تک کبوتر محو سجع رہیں اور چکر کھائیں چکر کھانے والے اور چریں

البهآئم ونفعت التّمآئم وشدّت العمآئم ونمت النّوآئم اللّٰهم

چارپائے اور نفع دیں تعویذات اور باندھی جائیں دستاریں اور نشو و نما پائیں اہل نمو ۔ اے اللہ

صلّ وسلّم على سيّدنا محمّدٍ وّعلٰى اٰل سيّدنا محمّدٍ مآ ابلج الاصباح

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک روشن ہوں صبحیں

وهبّت الرّياح ودبّت الاشباح وتعاقب الغدوّ والرّواح وتقلّدت

اور چلیں ہوائیں اور زمین پر رینگیں اجسام اور یکے بعد دیگرے آئے صبح اور شام اور حمائل کی جائیں

الصّفاح واعتقلت الرّماح وصحّت الاجساد والارواح اللّٰهم

تلواریں ۔ اور باندھے جائیں نیزے اور درست رہیں اجساد و ارواح ۔ اے اللہ

صلّ وسلّم على سيّدنا محمّدٍ وّعلٰى اٰل سيّدنا محمّدٍ ما دارت

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جب تک

الافلاك ودجت الاحلاك وسبّحت الاملاك اللّٰهم صلّ وسلّم

افلاک محو گردش رہیں اور تاریکیاں چھائی رہیں اور ملائکہ تسبیح کہتے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

على سيّدنا محمّدٍ وّعلٰى اٰل سيّدنا محمّدٍ ما تألّق برقٌ وتدفّق ودقٌ

فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جب تک چمکتی رہے بجلی اور برسے بارش

وما سبّح رعدٌ اللّٰهم صلّ وسلّم على سيّدنا محمّدٍ وّعلٰى اٰل سيّدنا

اور تسبیح کہے رعد ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

محمّدٍ مآ ازعجت الرّياح سحابًا ركامًا وذاق كلّ ذی روحٍ حمامًا

پر جب تک اٹھائیں آندھیاں تہ بہ تہ بادلوں کو اور چکھے ہر ذی روح موت کو

واوصل السّلام لاهل السّلام فی دار السّلام تحيّةً وّسلامًا اللّٰهم

اور پہنچا سلام اس کے حقداروں کو دار السلام میں بطور تحیہ و سلام کے ۔ اے اللہ

صلّ وسلّم على سيّدنا محمّدٍ وّعلٰى اٰل سيّدنا محمّدٍ مآ اومض بارقٌ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جب تلک چمکے چمکنے والا

ونطق ناطقٌ اللّٰهم صلّ وسلّم على سيّدنا محمّدٍ وّعلٰى اٰل سيّدنا

اور کلام کرے کوئی صاحب نطق ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ مَا طَافَ بِالْبَيْتِ طَآئِفٌ وَّوَقَفَ بِعَرَفَاتِ الْخَيْرِ وَاقِفٌ

پر ۔ جب تک طواف کرے کوئی طواف کرنے والا بیت اللہ کا اور وقوف کرے عرفات میں کوئی ٹھہرنے والا ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا دَامَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جب تک آپ کا

ذِكْرُهٗ مَنْشُوْرٌ وَّفَضْلُهٗ مَذْكُوْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ذکر عام رہے اور آپ کے فضل و شرف کے تذکرے رہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا طَارَ طَآئِرٌ وَّسَارَ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ سَآئِرٌ

اور آپ کی آل اطہار پر جب تک پر ماریں پر مارنے والے اور چلیں روئے زمین پر چلنے والے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک

غَنَّى الْهَزَارُ وَحَنَّ غَرِيْبٌ اِلَى الدِّيَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

نغمہ سرا رہے مرغ ہزار داستان ۔ اور راغب ہو کوئی بھی مسافر وطن کی طرف ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا جَرٰى قَلَمٌ وَّذَكَرَ اللّٰهَ ذَاكِرٌ بِفَمٍ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک چلے کوئی قلم اور ذکر کرے اللہ تعالیٰ کا کوئی بھی اہل ذکر اپنی زبان سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک

تَعَاقَبَ الْمَلَوَانِ وَاخْتَلَفَ الْجَدِيْدَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

یکے بعد دیگرے آتے رہیں لیل و نہار اور دن رات ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَآ اَوْرَقَتِ الْاَشْجَارُ وَرَقَةً

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک برقرار رہے درختوں کا ایک بھی پتہ

وَّاَطْرَقَتْ بِالْجُفُوْنِ حَدَقَةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور پلک جھپکے کوئی بھی آنکھ ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا صَحِبَ الْمَرْءُ الْاَمَلَ وَحَلَّتِ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک مصاحب ہو کوئی شخص آرزو کا اور پہنچے

الشَّمْسُ بِبُرْجِ الْحَمَلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

سورج برج حمل میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا دَارَ فِى الْاُفُقِ فَلَكٌ وَّسَجَدَ لِلّٰهِ مَلَكٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آپ کی آل پر جب تک گردش کرے افق میں فلک اور سجدہ کرے اللہ کے لیے کوئی نوری ملک ۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا اسْتَهَلَّتِ الشُّهُوْرُ وَ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک ماہ نو طلوع ہوتے رہیں اور

غَنَّتِ الْحُوْرُ فِى الْقُصُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

حوریں جنتی محلات میں محو ترنم رہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَآ اَزْهَرَتِ النُّجُوْمُ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ

کی آل اطہار پر جب تک ستارے روشن رہیں اور چہرے سجدہ ریز رہیں حی قیوم کے حضور ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا دَامَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک

سَتْرُكَ وَافِىْ وَمُلْكُكَ فِى الْوُجُوْدِ بَاقِىْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

پردہ کفایت فرما رہے (عاصیوں پر) اور تیرا ملک موجود و باقی رہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا دَامَ جُوْدُكَ وَافِىْ وَلُطْفُكَ فِى الْاَنَامِ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک تیرا جود محیط (خلق محتاج) رہے اور تیرا لطف مخلوق کو

كَافِىْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کفایت کرتا رہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

مَا دَامَ خَيْرُكَ وَاقِذٌ وَّحُكْمُكَ فِى الْعِبَادِ نَافِذٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

جب تک تیری خیرات برستی رہے اور تیرا حکم بندوں میں نافذ رہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا سَبَّحَ الْعَرْشُ بِاَلْسِنَةٍ وَ
سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک عرش تسبیح خواہ رہے ہر قسم کی زبانوں اور
لُغَاتٍ وَقَدَّسَ الذَّاتُ نَفْسَهٗ بِذَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
لغات کے ساتھ اور ذات باری تعالیٰ اپنی ذات کا تقدس خود بیان کرتی رہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا قَامَ قَآئِمُ الظَّهِيْرَةِ وَاَلْبَسَ
سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جب تک قائم رہے دوپہر کا آفتاب اور اوڑھے
الْمَرْءُ رِدَآءً مَا اَسَرَّهٗ مِنْ سَرِيْرَةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
مرد چادر اپنے مخفی اسرار کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَآ اَلِفَتِ الطَّيْرُ اَوْكَارَهَا وَاَبْرَزَتِ
محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جب تک الفت رکھیں پرندے اپنے گھونسلوں سے اور ظاہر
الْقَوَافِيْ اَفْكَارَهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
کریں قافیوں کو ان کے افکار۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا وَسَقَ اللَّيْلُ سَوَادَهٗ وَقَدَحَ الْفَجْرُ زِنَادَهٗ
کی آل اطہار پر جب تک رات اپنی تاریکی کو پھیلائے اور فجر اپنے نور کا چقماق روشن کرے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جب تک
اقْتَصَّ بَازِيُّ الْفَجْرِ غُرَابَ الظَّلَامِ وَابْتَسَمَتْ ثُغُوْرُ الْاَبَاطِحِ عَنْ
پیچھا کرے شہباز فجر ظلمت کے زاغ سیاہ کا۔ اور مسکراتی رہیں وادیوں کے کنارے پردوں سے پھوٹنے والے
اَزَاهِرِ الْاَكْمَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
روشن خوشوں کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى الْعَلِيَّ الْاَعْلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ
آل پر ایسی صلوٰۃ جو انہیں راضی کردے اور بلند تر شان والے اللہ بزرگ کو۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ
وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر ہر آنکھ کے جھپکتے وقت
اَوْ تَنَفُّسِ نَفْسٍ وَعِنْدَ تَفَكُّرِ الْقَلْبِ اَوْ حَرَكَةِ النَّفْسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
اور ہر نفس کے تنفس کے وقت اور دل کے ہر تفکر کے وقت اور نفس کی ہر حرکت کے وقت۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عِنْدَ كُلِّ حَرَكَةٍ وَّ
وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر وقت ہر حرکت اور
سُكُوْنٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
سکون کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر
صَلٰوةً اَجْرُهَا لَدَيْكَ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جس صلوٰۃ کا اجر تیرے ہاں ختم نہ ہونے والا ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً مُؤَدِّيَةً لِحَقِّكَ وَحَقِّهٖ وَصَلٰوةً صَلَّيْتَهَا
اور آپ کی آل اطہار پر جو صلوٰۃ ادا کرنے والی ہو تیرا حق اور ان کا حق اور ایسی صلوٰۃ جو تو نے
عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
بھیجی کسی پر بھی مخلوق میں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُعَرِّفُنَا بِهَا اِيَّاهُ يَوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ
کی آل اطہار پر جس کے طفیل تو پہچان کرائے ہماری ان کو جس دن دیکھے ہر شخص جو
يَدَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اس نے آگے بھیجا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر
اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ وَصَلَوَاتِ الْقَآئِمَةِ بِذَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
جو افضل ہو تیری تمام صلوات سے (جو بھیجی ہیں) اور جو صلوات قائم ہیں تیری ذات کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْتَعْمِلُنَا بِهَا فِيْ
نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں عمل پیرا بنائے

مَرْضَاتِكَ وَنَسْتَوْجِبُ بِهَا نُزُوْلَ رَحْمَتِكَ وَبَرَكَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اپنے پسندیدہ امور پر اور مستحق ہوں ہم تیری رحمت و برکات کے نزول کے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْمَلَ صَلٰوةٍ صَلَّيْتَ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کامل ترین صلواۃ ان سے جو تو نے بھیجی ہیں

عَلَيْهِ وَاَفْضَلَ صَلٰوةٍ اَنْعَمْتَ بِهَا عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ان پر اور افضل ترین صلواۃ جس کے ساتھ تو نے ان پر انعام فرمایا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَشْمَلَ صَلٰوةٍ خَصَّصْتَ بِهَا عُلَاهُ

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر عام ترین صلواۃ جس کے ساتھ مختص فرمایا ان کی برتری کو

وَاَوْفَرَ صَلٰوةٍ كَرَّمْتَ بِهَا ذَاتَهٗ وَمَرْاٰهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور وافر ترین صلواۃ کہ مکرم فرمایا ان کی ذات اقدس کو اور انکے منظم کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَجْمَلَ صَلَوَاتِكَ الْاَقْدَسِيَّةِ وَاَعْظَمَ

محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر اپنی صلوات مقدسہ میں سے جمیل ترین اور سرمدی

صَلَوَاتِكَ السَّرْمَدِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

صلوات میں سے عظیم ترین صلواۃ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَسْنٰى صَلَوَاتِكَ الشَّامِلَةِ وَاَعْلٰى صَلَوَاتِكَ الْكَامِلَةِ

کی آل پر اپنی محیط صلوات میں سے روشن تر اور صلوات کاملہ میں سے بزرگ تر صلواۃ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوْفٰى

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر اپنی کامل

صَلَوَاتِكَ الْوَافِيَةِ وَاَسْمٰى صَلَوَاتِكَ الْعَلِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

صلوات میں سے اکمل اور بلند مرتبت صلوات میں سے بلندتر صلواۃ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَزْكٰى صَلَوَاتِكَ الزَّكِيَّةِ

فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر اپنی پاکیزہ صلوات میں سے پاکیزہ تر اور

وَاَنْمٰى صَلَوَاتِكَ النَّامِيَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

بڑی صلوات میں فزوں تر صلواۃ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُسْعِدُنَا بِهَا السَّعَادَةَ الْاَبَدِيَّةَ وَتُكْرِمُنَا

آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کے طفیل تو ہمیں ابدی سعادت بخشے اور حسی ومعنوی

بِهَا الْكَرَامَةَ الْحِسِّيَّةَ وَالْمَعْنَوِيَّةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

بزرگی کے ساتھ مستحق اکرام ٹھہرائے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَعُوْدُ بَرَكَاتُهَا عَلَيْنَا وَتَرْحَمُ بِهَا

محمّد پر اور آپ کی آل پر جس صلواۃ کی برکات ہماری طرف عائد ہوں اور جس کے طفیل رحم

اٰبَاءَنَا وَاُمَّهَاتِنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

فرمائے ہمارے آباء و امہات پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُقَرِّبُنَا بِهَا اِلَيْكَ وَتُرَغِّبُ بِهَا خَيْرَ مَا لَدَيْكَ

آل اطہار پر جس کے طفیل ہمیں اپنا مقرب بنائے اور راغب بنائے اپنے ہاں کی خیر کی طرف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس کے طفیل

نَسْمُوْ بِهَا بَيْنَ الْعِبَادِ يَوْمَ الْمِيْعَادِ عَلٰى رُءُوْسِ الْاَشْهَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ہم سر بلند ہو جائیں تمام بندوں کے درمیان روز قیامت میں تمام شاہدین کے سامنے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَنَا

و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ ہمارے لیے ناصر و مددگار رہو

مُعِيْنَةً نَاصِرَةً فِيْ مَوَاطِنِ الْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

آخرت کے مقامات و احوال میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحَقِّقُ لَنَا بِهَا طَاعَتَهٗ وَتُوْجِبُ

محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس کے طفیل ہماری طاعت کو پائیدار بنا دے اور ان کی شفاعت ہمارے

لَنَا بِهَا شَفَاعَتَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
حق میں لازم فرما دے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْمُوْ وَتَدُوْمُ حَتّٰى تَقُوْمَ بَيْنَ يَدَيِ الْحَيِّ
آل پر جو صلواۃ ترقی پذیر اور دائم رہے تا آنکہ قائم ہو حی قیوم کے
الْقَيُّوْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
حضور میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر
مُحَمَّدٍ اَكْرَمَ صَلٰوةٍ وَّاَحْسَنَهَا وَاَعْظَمَ صَلٰوةٍ وَّاَزْيَنَهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ
بزرگتر۔ حسین ترین اور عظیم ترین۔ اور مزین ترین صلواۃ۔ اے اللہ صلواۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ نِعْمَةً
و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ تیری طرف سے ان پر
مِّنْكَ عَلَيْهِ وَوُصْلَةً مِّنْكَ اِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
نعمت ہو اور تیرے ان کے ساتھ وصل وربط (کی دلیل)۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً مَّقْبُوْلَةً بِاٰلَآئِكَ مَوْصُوْلَةً
محمّد پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ مقبول ہو اور تیری نعمتوں کے ساتھ مربوط
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ
طَيِّبَةَ الشَّمِيْمِ مَحْفُوْفَةً بِالنَّعِيْمِ وَصَلٰوةً صَافِيَةَ الْمَشَارِعِ اَللّٰهُمَّ
پاکیزہ شمیم والی ہو اور نعمتوں سے ڈھکی ہوئی اور پاک و صاف گھاٹوں والی۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُقَرِّبُنَا
صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ ہمیں ان کے قریب
اِلَيْهِ زُلْفًا وَّتُجَازِيْ بِهَا عَنْ كُلِّ وَاحِدَةٍ ضِعْفًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
کرے مکمل قرب کے ساتھ۔ اور تو جزاء دے ہمیں ہر ایک کے عوض کئی گنا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُشْهِدُنَا بِهَآ اِيَّاهُ
سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس صلواۃ کے طفیل تو ہمیں ان کا مشاہدہ کرائے
بِعَيْنِ الْعَيَانِ لَا بِالدَّلِيْلِ وَالْبُرْهَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
سر کی آنکھ کے ساتھ نہ محض دلیل و برہان کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْتَوْدِعُهَآ اِيَّاهُ وَاِيَّاكَ
سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس صلواۃ کو ہم ودیعت رکھیں ان کے ہاں اور تیرے ہاں
وَلَا نَبْغِيْ بِهَآ اِلَّا رِضَاهُ وَرِضَاكَ يَآ اَللّٰهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
اور نہ چاہیں اس سے مگر صرف ان کی اور تیری رضاء یا اللہ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِلْاَ الدُّنْيَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَةِ وَ
سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر پوری دنیا کی مقدار اور آخرت کی مقدار اور
بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْاَ الدُّنْيَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَةِ وَارْحَمْ
برکت دے محمد اور آل محمّد کو دنیا کی مقدار اور آخرت کی مقدار رحمت نازل فرما محمد پر اور
مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ مِلْاَ الدُّنْيَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَةِ وَاجْزِ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ
آل محمد پر دُنیا کی مقدار اور آخرت کی مقدار اور جزاء دے محمّد کو اور آل محمّد کو
مِلْاَ الدُّنْيَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَةِ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
دُنیا کی مقدار اور آخرت کی مقدار اور سلامتی بخش سیّدنا محمّد کو اور آل محمّد کو
مُحَمَّدٍ مِلْاَ الدُّنْيَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِلْاَ اَرْضِكَ
دُنیا کی مقدار اور آخرت کی مقدار۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما محمّد کریم پر بمقدار وسعت
مِمَّا حَمَلَتْ وَاَقَلَّتْ مِنْ قُدْرَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِلْاَ
ارض کے جو کچھ اُٹھائے ہوئے ہے وہ اور مطابق تیری قدرت کے جو اسے اُٹھائے ہوئے ہے۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما محمد کریم
سَبْعِ بِحَارِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ زِنَةَ سَبْعِ بِحَارِكَ مِمَّا حَمَلَتْ وَ
پر بمقدار ساتوں سمندروں کے اور صلواۃ نازل فرما محمّد کریم پر ساتوں سمندروں کی مقدار جو انہوں نے اُٹھایا۔ اور

اَقَلَّتْ مِنْ قُدْرَتِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْاَ

تیری قدرت کے مطابق جس نے انہیں اٹھایا ہوا ہے اور صلوٰۃ نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر

سَمٰوٰتِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْاَ اَرْضِكَ وَصَلِّ

تمام آسمانوں کی مقدار اور صلوٰۃ نازل فرما محمد اور آل محمد پر بمقدار اپنی زمین کے اور صلوٰۃ

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْاَ مَا اَنْتَ خَالِقُهٗ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ

نازل فرما محمد اور آل محمد پر بمقدار اپنی مخلوقات کے جنہیں تو نے روزِ اول سے

الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

قیامت تک پیدا کرنا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما محمد و آل محمد پر

مِلْاَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْاَ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْاَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ

تمام آسمانوں اور زمینوں کی مقدار اور ان کی درمیانی وسعت کی مقدار اور جو اس کے بعد

بَعْدُ وَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِلْاَ اللَّوْحِ وَالْفَضَاءِ وَمِثْلَ نُجُوْمِ السَّمَاءِ

پیدا کرنا چاہے اس کی مقدار اور صلوٰۃ نازل فرما آپ پر اور آل پر لوح اور فضاء کی مقدار اور آسمان کے نجوم کی مانند

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ زِنَةَ عَرْشِكَ وَمَبْلَغَ رِضَاكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما ان پر اپنے عرش کی مقدار اور غایت رضا کے مطابق اور اپنے کلمات کی روشنائی کے مطابق

وَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً لَّا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰى وَصَلِّ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِ

اور صلوٰۃ نازل فرما آپ پر اور آپ کی آل پر لاتعداد اور لامحدود اور صلوٰۃ نازل فرما ان پر اے اللہ

صَلٰوةً دَائِمَةً مُّتَّصِلَةً تَتَوَالٰى وَتَدُوْمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

جو دائم۔ مسلسل۔ پے درپے اور غیر منقطع ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما محمد و آل

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَائِمَةً مَّقْبُوْلَةً تُؤَدِّيْ بِهَا عَنَّا حَقَّهُ الْعَظِيْمَ اَللّٰهُمَّ

محمد پر جو دائم و مقبول ہو جس کے طفیل تو ادا فرمائے ہم سے ان کا عظیم حق۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهِ الْمُصْطَفَيْنَ مِنْ اَطْهَرِ جِبِلَّةٍ صَلٰوةً دَائِمَةً عَلٰى

صلوٰۃ نازل فرما محمد اور آل محمد پر جو منتخب کئے ہوئے ہیں پاکیزہ ترین جبلت سے ایسی صلوٰۃ جو دائم ہو

الْاَبَدِ غَيْرَ مُضْمَحِلَّةٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً يَّتَجَدَّدُ بِهَا حُبُوْرُهٗ وَ

ابد تک نہ ضعف پذیر ہو بالکل۔ صلوٰۃ ہو اللہ کی ان پر اور ان کی آل پر جس سے تازہ ہو زینت وآرائش ان

يُشَرَّفُ بِهَا فِي الْمِيْعَادِ بَعْثُهٗ وَنُشُوْرُهٗ فَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ الْاَنْجُمِ

کی اور شرف وفضل پائے اس سے ان کا بعث اور نشور یوم موعود میں۔ پس صلوٰۃ نازل فرمائے اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی

الطَّوَالِعِ صَلٰوةً تَجُوْدُ عَلَيْهِمْ اَجْوَدَ الْغُيُوْثِ الْهَوَامِعِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

روشن ستاروں جیسی آل پر جو صلوٰۃ ان پر فیضان فرمائے عمدہ ترین موسلا دھار بارش کا۔ صلوٰۃ نازل فرمائے اللہ

عَلٰى اٰلِهٖ فِيْ كُلِّ مَحْفِلٍ وَّمَقَامٍ وَّاَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

آپ پر اور آپ کی آل پر ہر محفل و مقام میں اور افضل ترین صلوٰۃ و سلام۔ رحمت کاملہ نازل فرمائے اللہ

وَعَلٰى اٰلِهٖ عَوْدًا وَّبَدْءًا صَلٰوةً تَكُوْنُ ذَخِيْرَةً وَّوِرْدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى

ان پر اور ان کی آل پر انجام میں اور آغاز میں جو صلوٰۃ ذخیرہ ہو اور ورد وظیفہ۔ صلوٰۃ نازل فرمائے اللہ تعالیٰ ان

اٰلِهٖ صَلٰوةً تَامَّةً زَاكِيَةً وَّصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً تَتْبَعُهَا رَوْحٌ وَّ

پر اور ان کی آل پر صلوٰۃ کاملہ پاکیزہ اور صلوٰۃ بھیجے اللہ تعالیٰ آپ پر اور آپ کی آل پر جو مستلزم ہو راحت اور

رَيْحَانٌ وَّيَعْقُبُهَا مَغْفِرَةٌ وَّرِضْوَانٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ

مسرت کو اور جس کے پیچھے ہو مغفرت اور رضوان۔ صلوٰۃ بھیجے اللہ ان پر اور ان کی آل پر اور اصحاب پر

الَّذِيْنَ هَاجَرُوْا لِنُصْرَتِهٖ وَنَصَرُوْهُ فِيْ هِجْرَتِهٖ فَنِعْمَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَنِعْمَ الْاَنْصَارُ

جنہوں نے ہجرت فرمائی صرف ان کی نصرت کے لیے اور مدد دی آپ کی ہجرت میں پس وہ بہت اچھے مہاجر ہیں اور بہت

صَلٰوةً نَامِيَةً دَائِمَةً مَّا سَجَعَتْ فِيْ اَيْكِهَا الْاَطْيَارُ وَهَمَعَتْ بِوَبْلِهَا الدِّيْمَةُ

اچھے انصار ہیں ایسی صلوٰۃ جو روز افزوں و ملائم ہو جب تک چہکیں پرندے اپنے گھنے باغات میں اور زور سے برسیں موسلا دھار

الْمِدْرَارُ اَضْعَفَ اللّٰهُ عَلَيْهِ دَائِمَ صَلَوَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

بارشیں اللہ کئی گنا بڑھائے ان پر اپنی دائمی صلوات کو۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الْكِرَامِ صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً دَائِمَةَ الْاِتِّصَالِ بِدَوَامِ ذِي الْجَلَالِ وَ

آپ کی پاکیزہ اور بزرگ آل پر مسلسل۔ دائمی اتصال وتواتر والی صلوٰۃ

اَلْاِکْرَامِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً دَائِمَةَ الْاِتِّصَالِ وَالتَّوَالِی مُتَعَاقِبَةً

اللہ تعالیٰ آپ پر رحمت اور سلامتی بھیجے، ایسی رحمت جو مسلسل، پے در پے دنوں

بِتَعَاقُبِ الْاَیَّامِ وَاللَّیَالِی وَصَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً دَائِمَةً اِلٰی مُنْتَهَی

اور راتوں کے آگے پیچھے آنے کے ساتھ لگاتار ہو جو ابد الآباد تک دائم ہو

الْاَبَدِ بِلَا انْقِطَاعٍ وَّلَا نَفَادٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ

بغیر انقطاع اور اختتام کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد نبی امی پر اور

عَلٰی اٰلِهٖ وَسَلِّمْ صَلٰوةً لَّا یُحْصٰی عَدَدُهٗ وَلَا یُعَدُّ مَدَدُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

آپ کی آل پر جس صلواۃ کے اعداد کا احاطہ نہیں ہو سکتا اور نہ اس کی وسعت کا شمار۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما محمد

صَلٰوةً تُکْرِمُ بِهَا مَثْوَاهُ وَتُبَلِّغُ بِهَا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مِنَ الشَّفَاعَةِ رِضَاهُ صَلَّی

کریم پر جس کی بدولت باعزت بنائے ان کا ٹھکانا اور پہنچائے قیامت کے دن شفاعت سے ان کی رضا مندی تک

اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً مَّقْرُوْنَةً بِالْجَمَالِ وَالْحُسْنِ وَالْکَمَالِ وَالْخَیْرِ وَ

صلواۃ ہو ان پر اللہ تعالےٰ کی اور سلام جو مقرون ہو جمال و حسن اور کمال اور خیر و

الْاَفْضَالِ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ وَذُرِّیَّتِهِ الْمُبَارَکِیْنَ

افضال کے ساتھ۔ اللہ کی صلواۃ وسلام ہو سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور ذریت مبارکہ

وَصَحَابَتِهِ الْاَکْرَمِیْنَ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً

اور صحابہ کرام اور ازواج مطہرات امہات المومنین پر ایسی صلواۃ جو متصل و

تَتَرَدَّدُ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

مسلسل ہو قیامت تک۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَمْلَاُ الْاَرْضَ وَالسَّمَآءَ وَتَمْلَاُ سَوَابِغَ الْاٰلَآءِ وَالنَّعْمَآءِ اَللّٰهُمَّ

آل پر ایسی صلواۃ جو بھر دے زمین و آسمان کو اور جو تمام کامل و اکمل ظاہری و باطنی نعمتوں کی مقدار کے مطابق ہو۔ اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ

اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ بھر دے

الْکَآئِنَاتِ وَالْعُلْوِیَّاتِ وَالسُّفْلِیَّاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

تمام کائنات کو اور سب عالم بالا اور عالم اسفل کی اشیاء کو۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ اَرْکَانَ الْجِنَانِ وَحَافَتَیِ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ بھر دے جنت کے جملہ ارکان و اطراف کو اور

الصِّرَاطِ وَالْمِیْزَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

پل صراط اور میزان کے دونوں پلڑوں کو۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ الْفِرْدَوْسَ وَقِبَابَهٗ وَجَنَّةَ النَّعِیْمِ وَاَبْوَابَهٗ اَللّٰهُمَّ

پر جو صلواۃ بھر دے فردوس اعلیٰ کو اور اس کے قبہ جات کو اور جنت نعیم اور اس کے ابواب کو۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ الْغُرُفَاتِ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ بھر دے جنت کے بالاخانوں

وَالْقُصُوْرَ وَاَفْوَاهَ الْوِلْدَانِ وَالْحُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور تمام محلات کو اور ولدان اور حوروں کے مونہوں کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ الْکَوْثَرَ وَکَاسَاتِهٖ وَتَمْلَاُ اللَّوْحَ الْمَحْفُوْظَ

آپ کی آل پر جو صلواۃ بھر دے حوض کوثر اور اس کے جاموں کو اور بھر دے لوح محفوظ

وَحَافَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور اس کے اطراف کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

صَلٰوةً تَمْلَاُ الْقَلَمَ الْمُنِیْرَ وَتَمْلَاُ لِسَانَ مُنْکَرٍ وَّنَکِیْرٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

جو صلواۃ بھر دے روشن قلم قدرت کو اور بھر دے منکر و نکیر کی زبانوں کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ الْحَوْضَ الْمَوْرُوْدَ وَاَنْهَارَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ معمور کر دے حوض مورود کو اور

الْجَنَّةِ الَّتِیْ تَجْرِیْ عَلٰی غَیْرِ الْاُخْدُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جنتیں انہار کو جو چلتی ہیں بغیر رکاوٹ والے کناروں کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ الْبَحْرَ الْمَسْجُوْرَ وَالْحِجَابَ الْاَعْظَمَ
اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ معمور کردے اُبلتے سمندروں کو اور حجاب اعظم اور حجاب
وَالنُّوْرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
نور کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر
صَلٰوةً تَمْلَاُ النِّيْلَ وَالْفُرَاتَ وَتَمْلَاُ خَزَآئِنَ الْبَرَكَاتِ وَالْمَرَاتِبَ السَّنِيَّاتِ
جو صلواۃ بھر دے نیل و فرات کو اور بھر دے برکات والے خزائن کو اور اعلیٰ مراتب و درجات کو
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ بھر دے
الْعَرْشَ وَقَوَآئِمَهٗ وَالْكُرْسِيَّ وَدَعَآئِمَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
عرش کو اور اس کے پایوں کو اور کرسی اور اس کے ستونوں کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ السُّرُرَ الْمَرْفُوْعَةَ وَالْاَكْوَابَ
محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ بھر دے بلند قدر جنتی تختوں کو اور رکھے ہوئے گلاسوں
الْمَوْضُوْعَةَ وَصَلٰوةً تَمْلَاُ دَرَجَاتِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْاِنْسِ وَالْجِنَّةِ
کو اور جو صلواۃ بھر دے تمام اہل جنت جن و انس کے تمام درجات کو
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ
تَمْلَاُ السُّرَادِقَاتِ وَتُحِيْطُ بِالْكَآئِنَاتِ وَصَلٰوةً تَمْلَاُ الْاَسْتَارَ وَالْحُجُبَ
بھر دے جنتی سراپردوں کو اور احاطہ کرلیں کائنات کا اور جو صلواۃ بھر دے
وَتَمْلَاُ الدَّوَاوِيْنَ وَالْكُتُبَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
تمام پردوں اور حجابات کو اور بھر دے تمام دفاتر اور صحائف کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور
عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ جَوَانِبَ الطُّوْرِ وَالرَّقِّ الْمَنْشُوْرِ وَ
آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ معمور کر دے طور کے اطراف کو اور وسیع و عریض سفید کاغذ کو اور

تَمْلَاُ اَرْكَانَ الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
بھر دے بیت المعمور کے ارکان و اجزاء کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ حُجُبَ النُّوْرِ وَالْبَهٰى وَاَوْرَاقَ
اور آپ کی آل پر جو صلواۃ بھر دے نور اور بہار والے حجابات کو اور سدرۃ المنتہیٰ کے
سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
اوراق کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ الْمَلَاَ وَتَحُلُّ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰى اَللّٰهُمَّ
آل پر جو صلواۃ معمور کر دے ملاء کو اور نزول فرما ہو ملاء اعلیٰ میں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ
تَمْلَاُ سَبَاسِبَ الْفَلَوَاتِ وَاَقْطَارَ السَّمٰوٰتِ وَصَلٰوةً تَمْلَاُ خَزَآئِنَ
بھر دے وسیع و ہموار بیابانوں کو ___ اور سمٰوات کے اطراف کو اور جو صلواۃ بھر دے
الرَّحَمُوْتِ وَذَخَآئِرَ الْجَبَرُوْتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
رحمت کاملہ کے خزائن اور جبروت کے ذخائر کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ اَفْوَاهَ الْعِبَادِ وَاَسْبَابَ
محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ بھر دے تمام بندوں کے مونہوں کو اور ساتوں
السَّبْعِ الشِّدَادِ وَصَلٰوةً تَمْلَاُ الْاٰذَانَ مِنَ الْاِنْسِ وَالْجَآنِّ اَللّٰهُمَّ
آسمانوں کے راستوں کو اور جو صلواۃ بھر دے جن و انس کے کانوں کو۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ
تَمْلَاُ مَا فَوْقَ الْاَرْضِ اِلٰى ظَهْرِ الْحُوْتِ وَالْبَهَمُوْتِ وَصَلٰوةً تَمْلَاُ
بھر دے زمین کے اوپر والے حصہ سے لے کر حوت کی اور عظیم جانور تک کو اور جو صلواۃ بھر دے

اَقْطَارَ الْاَرْضِ بِالطُّوْلِ وَالْعَرْضِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

زمین کے طولانی اور عرضی اطراف کو۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ مَظَاهِرَ الْمَلَكُوْتِ وَ

محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ بھردے ملکوت کے مظاہر قدرت کو اور

صَلٰوةً تَمْلَاُ اَلْسِنَةَ الْوَرٰى وَمَآ اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

جو صلواۃ بھردے مخلوقات کی زبانوں کو اور تمام مخلوق کو جو آسمان کے زیر سایہ ہے۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ ثَوَابَ

سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ معمور کردے نوافل و

النَّفْلِ وَالْفَرْضِ اِلٰى يَوْمِ الْعَرْضِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

فرائض کے ثواب کو قیامت تک کے لیے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ اَفْوَاهَ الْاَنَامِ مُنْذُ خَلْقِ

محمّد پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ بھردے انام کے موہنوں کو جو تخلیق

اٰدَمَ اِلٰى يَوْمِ الْعَرْضِ عَلَى الْمَلِكِ الْعَلَّامِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آدم سے لے کر ملک علام کے حضور پیش ہونے تک موجود ہوگی۔ اے اللہ صلواۃ وسلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ الْمِعْرَاجَ وَالْمَسْرَا

نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ معمور کردے معراج کو اور محل اسراء کو

وَمَا حَوَتْهُ مِنَ الْفَضْلِ اُمَّ الْقُرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور جس فضل و شرف کو حاوی ہے مکّہ مکرمہ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ سَيْحُوْنَ وَجَيْحُوْنَ وَمَا

محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ بھردے سیحون و جیحون کو اور جو ہوچکا اور جو

كَانَ وَمَا يَكُوْنُ صَلٰوةً تَمْلَاُ ثَوَابَ كُلِّ عَمَلٍ بَارٍّ مِّنَ الْفُجَّارِ وَ

قیامت تک ہونا ہے سب کو۔ جو صلواۃ معمور کردے ہر اچھے عمل کے ثواب کو اہل فجور کا ہو یا

الْاَخْيَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اہل خیر کا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ ثَوَابَ كُلِّ حَسَنَةٍ مَّقْبُوْلَةٍ وَثَوَابَ كُلِّ رَحِمٍ

جو صلواۃ بھردے ہر مقبول عمل نیک کے ثواب کو اور ہر صلہ رحمی کے

مَّوْصُوْلَةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

ثواب کو۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ مَا بَيْنَ الْخَافِقَيْنِ وَتَعُمُّ نَوَاحِيَ الدَّارَيْنِ وَ

پر جو صلواۃ بھردے شرق وغرب کے مابین کو اور معمور کردے دونوں جہان کے اطراف کو اور

صَلٰوةً تَمْلَاُ الْقَلَمَ وَمِدَادَهٗ وَاللَّيْلَ وَسَوَادَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جو صلواۃ بھردے قلم قدرت اور اس کی روشنائی کو اور رات اور اس کی سیاہی کو۔ اے اللہ صلواۃ وسلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ الْعُلُوْمَ وَ

نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ محیط ہو جملہ علوم و

الْمَعَارِفَ وَالْمِنَحَ وَاللَّطَائِفَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

معارف کو اور عطیات و لطائف کو۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ النَّهَارَ وَضِيَاءَهٗ وَالنُّوْرَ

محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ بھردے دن کو اور اس کی ضیاء کو اور نور کو

وَبَهَآءَهٗ وَصَلٰوةً تَمْلَاُ الْبَرَّ وَجَوَانِبَهٗ وَالْبَحْرَ وَغَوَارِبَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور اس کی رونق وبہار کو اور تمام خشکی اور اس کی جوانب اور تری اور اس کے اطراف کو۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَمْلَاُ صَحَائِفَ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ بھردے تمام صحائف

الْاَعْمَالِ الْمَاضِيْ مِنْهَا وَالْمُسْتَقْبَلَ وَالْحَالَ وَصَلٰوةً تَمْلَاُ بُيُوْتَ

اعمال کو ماضی کے ہوں یا مستقبل و حال کے۔ اور جو صلواۃ بھر دے جنتی موتیوں والے

اَلْقَصَبِ الَّتِیْ لَا صَخَبَ فِیْهَا وَلَا نَصَبَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
مکانوں کو جن میں نہ شوروغل ہوگا اور نہ تھکان و کوفت ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْلَاُ جَوَانِحَ الْاَمْلَاكِ وَطَوَالِعَ
محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ بھردے ملائکہ کے پروں کو اور افلاک کے
الْاَفْلَاكِ وَصَلٰوۃً تَمْلَاُ مَجَامِعَ الْكَوْنَیْنِ وَخِیَامَ اَهْلِ عِلِّیِّیْنَ
ستاروں کو اور جو صلواۃ بھردے کونین کے مجمعوں کو اور علیین والوں کے خیموں کو
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ
تَمْلَاُ عَنَانَ السَّمَآءِ وَمَجَارِیَ الرِّیَاحِ وَالْمَآءِ وَصَلٰوۃً تَمْلَاُ اَنْوَارَ
بھردے آسمان کے کناروں تک کو اور ہواؤں اور پانیوں کی گزر گاہوں کو اور جو صلواۃ بھردے سورج اور
النَّیِّرَیْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا
چاند کے انوار کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْلَاُ اَفْوَاهَ الثَّقَلَیْنِ وَتُحِیْطُ بِقَابَ قَوْسَیْنِ
پر جو صلواۃ بھردے ثقلین کے مونہوں کو اور محیط ہو قاب قوسین کو۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً
اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ
تَمْلَاُ الْقَضَا وَتَعُوْدُ عَلَیْنَا بِالرِّضَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
معمور کردے قضاء کو اور ہم پر متوجہ ہو رضامندی کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْلَاُ بِشَوَارِ فِهَا اِذَا تَلَقَّهَا
محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ بھردے اپنی ضیاؤں سے جب اس کو حاصل کرے
مِنَّا مَلَكُ الْحِجَابِ وَیَرْضٰی بِهَا عَنَّا رَبُّ الْاَرْبَابِ اَللّٰهُمَّ
ہماری طرف سے ملک الحجاب اور راضی ہو بطفیل اس کے ہم سے رب الارباب۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْلَاُ
صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ بھردے
جَزِیْلَ الثَّوَابِ وَتَحُوْلُ بَیْنَنَا وَبَیْنَ اَلِیْمِ الْعَذَابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
عظیم ثواب کو اور حائل ہو ہمارے اور عذاب الیم کے درمیان ۔ اے اللہ صلواۃ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْلَاُ دَارَ
و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ بھر دے
الْمُقَامَةِ وَتَحُوْلُ بَیْنَنَا وَبَیْنَ الْخُطُوْبَاتِ الْمَخُوْفَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
دار القیام کو اور حائل ہوجائے درمیان ہمارے اور خوفناک امور عظام کے۔ اے اللہ صلواۃ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْلَاُ دَارَ
و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ بھردے
الْمُقَامَةِ وَتَحُوْلُ بَیْنَنَا وَبَیْنَ اَهْوَالِ یَوْمِ الْقِیٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
دار القیام کو اور حائل ہو درمیان ہمارے اور قیامت کی ہولناکیوں کے درمیان۔ اے اللہ صلواۃ و
سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَمْلَاُ اَرْجَآءَ
سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو صلواۃ بھردے عرش اعظم کے
الْعَرْشِ وَمَا حَوَاهُ وَتَحُوْلُ بَیْنَنَا وَبَیْنَ السُّوْٓءِ وَمَنْ نَّوَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
کناروں کو اور جنہیں وہ محیط ہے۔ اور حائل ہو درمیان ہمارے اور درمیان برائی کے اور اس کی نیت کرنیوالوں کے۔ اے اللہ صلواۃ
سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَةً بِدَوَامِ اِنْعَامِكَ
و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو صلواۃ دائم ہو تیرے انعام کے دوام تک
وَبَاقِیَةً بِبَقَآءِ مُلْكِكَ وَاِعْظَامِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
اور باقی ہو تیرے ملک کی بقاء اور تیری عظمت کے دوام کے مطابق ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَةً بِدَوَامِ قُدْرَتِكَ وَ
محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو دائم ہو تیرے دوام قدرت کی مانند اور

بَاقِيَةً بِبَقَاءِ مَشِيَّتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

باقی ہو تیری بقاء مشیت کی مانند۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ عَرْشِكَ وَ بَاقِيَةً بِبَقَآءِ

کی آل اطہار پر جو صلواۃ دائم ہو تیرے عرش کے دوام کے ساتھ اور باقی رہے تیری گرفت

بَطْشِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

کی بقاء تک۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ فَضْلِكَ وَطَوْلِكَ وَ بَاقِيَةً بِبَقَآءِ

جو صلواۃ دائم ہو تیرے فضل و احسان کے دوام کی مانند اور باقی ہو تیرے حکم اور

حُكْمِكَ وَعَدْلِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى

عدل کی بقاء کے مطابق۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ عِزِّكَ وَ قَهْرِكَ وَبَاقِيَةً

کی آل اطہار پر جو دائم ہو تیرے غلبہ و قہر کے دوام تک اور باقی ہو تیرے

بِبَقَآءِ اَمْرِكَ وَ نَهْيِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

امر و نہی کی بقاء کے مطابق۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ سَطْوَتِكَ وَ بَاقِيَةً

آپ کی آل پر جو صلواۃ دائم ہو تیرے دوام سطوت کے ساتھ اور باقی ہو

بِبَقَآءِ عِزِّكَ وَرَاْفَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

تیری عزت و رأفت کی بقاء کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ كِبْرِيَآئِكَ وَبَاقِيَةً بِبَقَآءِ

کی آل اطہار پر جو صلواۃ دائم ہو تیرے دوام کبریائی کے ساتھ اور باقی ہو

اَسْمَآئِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

تیرے اسماء کی بقاء کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

